تنقید و تبصرہ

فقہ السنۃ | اس کتاب کا موضوع فقہ اسلامی ہے۔ اس میں فقہی احکام، مذاہب اربعہ کے ادلّہ کے ساتھ موجود ہیں۔ اصل کتاب کا یہ پہلا حصّہ ہے۔ دوسرا حصہ زیرِ تکمیل ہے۔ مکتبۂ چراغ راہ کراچی نے اسے شائع کیا ہے۔ ضخامت ۴۰۸ صفحات، قیمت آٹھ روپے، کاغذ، کتابت، طباعت، لوح بہتر۔ اس کتاب کے مؤلف محمد عاصم صاحب ہیں۔

اس حصہ میں جو ہمارے پیشِ نظر ہے، کتاب الطہارۃ اور کتاب الصلوٰۃ، دو باب آئے ہیں۔ کتاب الطہارۃ میں اقسام نجاست، نجاست دور کرنے کی صورتیں، پانی کے احکام، رفع حاجت کے آداب، وضو، مسح، غسل، تیمم وغیرہ کا ذکر موجود ہے۔ کتاب الصلوٰۃ میں احکام نماز، اذان اور اقامت، شرائط نماز، نماز کے فرائض، سنن، مکروہات، مبطلات نماز، مساجد، سترہ، نماز با جماعت کے احکام، سنن راتبہ اور غیر راتبہ، جمعہ، وتر، تہجد، تراویح، عیدین، نماز قصر، جمع بین الصلاتین، نماز کی مختلف صورتیں، سجدۂ سہو، سجدۂ تلاوت، سجدۂ شکر وغیرہ کا ذکر ہے۔

کوئی شبہہ نہیں کہ یہ کتاب محنت اور سلیقہ سے مرتب کی گئی ہے اور اس میں بہت سے ضروری احکام اور مسائل آ گئے ہیں، جن کا مطالعہ دلچسپی اور افادے سے خالی نہیں۔ لیکن یہ کتاب ان فوائد کی حامل نہیں جن کی ضرورت ہے۔ وہ ضرورت یہ ہے کہ اردو زبان میں ایسی کتاب لکھی جائے جو ولادت سے لے کر وفات تک کے فقہی مسائل پر حاوی ہو۔ اس ملک کی غیر معمولی اکثریت چونکہ حنفی ہے لہٰذا عوام کے لیے ایک ایسی کتاب بسا ضروری ہے تاکہ وہ آسانی کے ساتھ متعلقہ مسائل سے واقف ہو سکیں۔

یہ ضرورت اس کتاب سے نہ صرف پوری نہیں ہوتی بلکہ یہ عام لوگوں کے لیے انتشار ذہن و فکر کا سبب بھی بن سکتی ہے۔ فقہ حنفی کی کسی کتاب میں مفتیٰ بہ مسائل پڑھ کر انشراح قلب کے ساتھ ہر شخص ضروری مسائل سے واقف ہو سکتا ہے۔ لیکن اگر اس کے سامنے بڑے بڑے ائمہ کے اختلافات